# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 14 August 2026**

**Time : 12:35 : PM**

---

**Opening**

---

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد

یوم آزادی

ملک بھر میں کل منائے جانے والے یوم آزادی کے سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل ہیں اور قومی راجدھانی میں لال قلعے میں منعقد ہونے والی سب سے بڑی تقریب کیلئے بھی سٹیج سیٹ ہے۔وزیراعظم نریندر مودی وندے ماترم کے **150** برس اور ترقی یافتہ بھارت @**2047** کے لئے نوجوانوں کی قوت کے موضوع پر منعقد ہونے والی تقریبات کی قیادت کریں گے۔

یوم آزادی کی تقریبات کے حصے کے طور پر پہلی بار وندے ماترم بھی پیش ہونے جا رہا ہے ۔ادھر جموں کشمیر میں بھی جشن آزادی کی تقریبات کو منانے کیلئے تمام انتظامات مکمل ہیں ۔یوٹی میں سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہونے جا رہی ہے ۔تمام ضلع صدر مقامات پر بھی **15** اگست کی تقریبات کا شایان شان انعقاد کیا جائے گا۔

ریہرسل

اسی دوران کل جموں وکشمیر کے سبھی اضلاع میں فُل ڈریس ریہرسل کا انعقاد ہوا۔

سرینگر کے بخشی سٹیڈیم میں منعقدہ فُل ڈریس ریہرسل کے موقعے پر اسکولی بچوں نے رنگارنگ تمدنی پروگرام پیش کئے۔

**......Music.....**

اس موقعے پر صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے پریڈ کا معائنہ کیا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔

صدر خطاب

یوم آزادی سے ایک دن قبل آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو قوم سے خطاب کریں گی۔ان کا خطاب آکاش وانی سے آج شام **7** بجے براہ راست نشر کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں آج ہمارے یہاں سے شام ساڑھے سات بجے نشر ہونے والا کشمیری خبروں کا بلٹن شام ساڑھے 6 بجے جبکہ 7 بجکر چالیس منٹ پر نشر ہونے والا اردو بلٹن شام 6 بجکر چالیس منٹ پر نشر کیا جائے گا۔
اسی طرح سے شام سوا6 بجے نشر ہونے والا کشمیری نیوز بلٹن رات ساڑھے 8 بجے پیش کیا جائے گا۔

ایوارڈ

مرکزی سرکار نے یوم آزادی کے موقعہ پر ملک کی مختلف ریاستوں میں الگ الگ فورسز میں کام کرنے والے 301 اہلکاروں کیلئے گیلنٹری ایوارڈس کا اعلان کیا ہے۔
جموں کشمیر پولیس سے تعلق رکھنے والے 4 جوانوں کو بھی اس اعزاز سے سرفراز کیا جارہا ہے۔ان میں ہیڈ کانسٹیبل رئیس احمد ریشی، ہیڈ کانسٹیبل منظور احمد، ہیڈ کانسٹیبل مدثر احمد اور کانسٹیبل وسیم محی الدین لون شامل ہیں۔

حوصلہ افزائی

ادھر ضلع انتظامیہ سرینگر نے یوم آزادی کی تقریبات کے جشن کے ایک حصے کے طور پر کارہائے نمایاں انجام دینے والے کئی سول اور پولیس افسروں کی عزت افزائی کی ہے۔
تقریب میں ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو، ایس ایم سی کے کمشنر فضل الحسیب اور ایس ایس پی سرینگر سندیپ چکرورتی موجود تھے، جنہوں نے عوامی خدمت میں نمایاں خدمات انجام دینے والے متعلقہ افسروں کو توصیفی اسناد اور میمنٹوز سے نوازا۔

تقسیم ہند

آج تقسیم ہند کا دردناک یادگاری دن ہے۔ اس دن ان تمام لوگوں کو خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے جنہوں نے 1947 میں ملک کی تقسیم کے دوران اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کیا تھا۔
وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اس المناک سانحے میں اپنی جانوں کی قربانیاں پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی حکومت بیرون ممالک میں چھپے منشیات سمگلروں کو ڈھونڈ نکال رہی ہے اور ان کے پورے نظام کو تباہ کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی میں ایک نیا سنگ میل قائم کرتے ہوئے NCB نے متحدہ عرب امارات سے منشیات کے سرغنہ وریندر سنگھ بسویا کی واپسی کو یقینی بنایا ہے۔

ستیش شرما

مختلف علاقوں سے آئے ہوئے کئی وفود نے کابینہ وزیر ستیش شرما سے ملاقات کی جس دوران عوامی خدمات کی فراہمی
ور دیگر کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

وفود نے وزیر موصوف کو خوراک، سول سپلائز و امور صارفین، ٹرانسپورٹ اور کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھانے کے
لاوہ اشیائے ضروریہ کی دستیابی، تقسیم اور فراہمی سے متعلق جانکاری دی۔

ملاقات کے دوران کھیل صلاحیتوں کو ابھارنے کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے وزیر نے تمام دیہی علاقوں میں
د جوانوں کے لئے کھیلوں کی مناسب سہولیات کی دستیابی کی یقینی دہانی بھی کرائی۔

عجاز اسد

دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمہ کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وی اسامیوں کی منظور شدہ
تعداد، تعیناتیوں اور مالیاتی اثرات سے متعلق تصدیق شدہ ڈیٹا کی بنیاد پر ایک فریم ورک تیار کریں تا کہ پنچایت اکاؤنٹس
سسٹنٹس کی ترقی کیلئے راہیں ہموار ہوں۔

انہوں نے کہا کہ یہ فریم ورک شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر تیار کیا جانا چاہیئے۔

لتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب
ہے۔ امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہیئے۔ امیدوار کیلئے انگریزی وار دو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی
یں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔ امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔

اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ
بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کر سکتے ہیں۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ